© rasailojaraid.com



# آخری آرزو

- میں چاہتا ہوں، مرنے کے بعد مجھے وہ شخص غسل دے:
  - ★ جس نے منبر و محراب کی عظمت کو داغدار نہ کیا ہو۔
  - ★ جو کبھی انگریزی فوج میں بھرتی ہو کر ملک معظم کی حکومت کے لیے نہ لڑا ہو۔
  - ★ جس کا اوڑھنا بچھونا صرف اسلام ہو۔
- مجھے وہ شخص کفن پہنائے:
  - ★ جس کی غیرت نے کبھی کفن نہ پہنا ہو۔
- مجھے وہ اشخاص کندھا دیں:
  - ★ جو ظلم و جور کے خلاف لڑتے رہے ہوں اور جن کے ہاتھ میں ظلم و جور کی بیخ کنی کے بعد اس ملک کے مستقبل کی عنان ہو۔
- میرا قلم اس شخص کو دیا جائے:
  - ★ جو اس کو تیشۂ کوہکن بنا سکے، جس کو لہو سے لکھنے کا سلیقہ آتا ہو۔
- مجھے وہاں دفن کیا جائے:
  - ★ جہاں گورکن قبر کی مٹی فروخت نہ کرتے ہوں۔
- مجھے وہ دوست لحد میں اتاریں:
  - ★ جو دفنانے کے بعد بھول جانے کی تاریخی اداؤں سے واقف ہوں۔
  - ★ کوئی حکمران میری قبر پر فاتحہ نہ پڑھے
- میری قبر پر ایک ہی کتبہ لکھا جائے:
  - ★ ”یہاں وہ شخص دفن ہے جس کی زندگی تمام عمر عبرتوں کا مرقع رہی ہے۔“

شورش کاشمیریؒ

© rasailojaraid.com